وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ

اور ڈرتے رہو اللہ سے ۔ بیشک اللہ کو خبر ہے جو کرتے ہو ۔

# الْحَشْر

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

---

سَبَّحَ لِلَّهِ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِي ٱلْأَرْضِ ۖ

اللہ کی پاکی بولتا (تسبیح کرتا) ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں ،

وَهُوَ ٱلْعَزِيزُ ٱلْحَكِيمُ ﴿١﴾

اور وہی ہے زبردست حکمت والا ،

هُوَ ٱلَّذِىٓ أَخْرَجَ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ مِنْ أَهْلِ ٱلْكِتَٰبِ مِن دِيَٰرِهِمْ لِأَوَّلِ ٱلْحَشْرِ ۚ

وہی ہے جس نے نکال دیئے ، جو منکر ہیں کتاب والوں سے ، انکے گھروں سے پہلے ہی بھیڑ ہوتے (بلے میں) ۔

مَا ظَنَنتُمْ أَن يَخْرُجُوا۟ ۖ وَظَنُّوٓا۟ أَنَّهُم مَّانِعَتُهُمْ حُصُونُهُم مِّنَ ٱللَّهِ

تم نہ اٹکلتے (گمان کرتے) تھے کہ وہ نکلیں گے ، اور وہ خیال رکھتے تھے کہ ان کا بچاؤ ہے ان کے قلعے اللہ کے ہاتھ سے ،

فَأَتَىٰهُمُ ٱللَّهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوا۟ ۖ وَقَذَفَ فِى قُلُوبِهِمُ ٱلرُّعْبَ ۚ

پھر پہنچا ان پر اللہ جہاں سے ان کو خیال نہ تھا ، اور ڈالی ان کے دل میں دھاک (رعب) ،

يُخْرِبُونَ بُيُوتَهُم بِأَيْدِيهِمْ وَأَيْدِى ٱلْمُؤْمِنِينَ

(نتیجہ یہ ہوا کہ) اجاڑنے لگے اپنے گھر اپنے ہاتھوں اور (برباد کروائے) مسلمانوں کے ہاتھوں ،

فَٱعْتَبِرُوا۟ يَـٰٓأُو۟لِى ٱلْأَبْصَـٰرِ ٢

سو دہشت مانو (عبرت پکڑو) اے آنکھ والو!

وَلَوْلَآ أَن كَتَبَ ٱللَّهُ عَلَيْهِمُ ٱلْجَلَآءَ لَعَذَّبَهُمْ فِى ٱلدُّنْيَا ۖ

اور اگر نہ ہوتا کہ لکھا تھا اللہ نے اُن پر اُجڑنا تو اُن کو مار دیتا دُنیا (ہی) میں۔

وَلَهُمْ فِى ٱلْـَٔاخِرَةِ عَذَابُ ٱلنَّارِ ٣

اور آخرت میں ہے اُن کو آگ کی مار (دوزخ کا عذاب)۔

ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ شَآقُّوا۟ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ ۖ

اس پر کہ وہ مخالف ہوئے اللہ سے اور اس کے رسول سے،

وَمَن يُشَآقِّ ٱللَّهَ فَإِنَّ ٱللَّهَ شَدِيدُ ٱلْعِقَابِ ٤

اور جو کوئی مخالف ہوا اللہ سے، تو اللہ کی مار (عذاب) سخت ہے۔

مَا قَطَعْتُم مِّن لِّينَةٍ أَوْ تَرَكْتُمُوهَا قَآئِمَةً عَلَىٰٓ أُصُولِهَا فَبِإِذْنِ ٱللَّهِ

جو کاٹ ڈالا تم نے کھجور کا پیڑ، (یا) رہنے دیا کھڑا اپنی جڑ پر، سو (یہ سب ہوا) اللہ کے حکم سے،

وَلِيُخْزِىَ ٱلْفَـٰسِقِينَ ٥

اور (اس لئے ہوا) تا (کہ) رسوا کرے بے حکموں (نافرمانوں) کو۔

وَمَآ أَفَآءَ ٱللَّهُ عَلَىٰ رَسُولِهِۦ مِنْهُمْ فَمَآ أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ

اور جو ہاتھ لگایا اللہ نے اپنے رسول کو ان سے، سو تم نے نہیں دوڑائے اس پر گھوڑے اور نہ اونٹ،

وَلَـٰكِنَّ ٱللَّهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهُۥ عَلَىٰ مَن يَشَآءُ ۚ

ڈھونڈتے آئے ہیں اللہ کا فضل اور اس کی رضامندی، اور مدد کرنے کو اللہ اور اسکے رسول کی۔

وَٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيرٌ ۝٦

اور اللہ سب چیز کر سکتا ہے۔

مَّآ أَفَآءَ ٱللَّهُ عَلَىٰ رَسُولِهِۦ مِنۡ أَهۡلِ ٱلۡقُرَىٰ فَلِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ

جو ہاتھ لگائے اللہ اپنے رسول کو بستیوں والوں سے سو (وہ ہے) اللہ کے واسطے اور رسول کے

وَلِذِى ٱلۡقُرۡبَىٰ وَٱلۡيَتَـٰمَىٰ وَٱلۡمَسَـٰكِينِ وَٱبۡنِ ٱلسَّبِيلِ

اور ناتے (رشتے) والے کے اور بن باپ کے لڑکوں کے اور محتاجوں کے اور مسافر کے،

كَىۡ لَا يَكُونَ دُولَةَۢ بَيۡنَ ٱلۡأَغۡنِيَآءِ مِنكُمۡۚ

تا (کہ) نہ آئے لینے دینے میں (رہے گردش میں) دولت مندوں کے تم میں سے۔

وَمَآ ءَاتَٮٰكُمُ ٱلرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَٮٰكُمۡ عَنۡهُ فَٱنتَهُواْۚ

اور جو دے تم کو رسول سو لے لو۔ اور جس سے منع کرے سو چھوڑ دو۔

وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَۖ إِنَّ ٱللَّهَ شَدِيدُ ٱلۡعِقَابِ ۝٧

اور ڈرتے رہو اللہ سے، بیشک اللہ کی مار سخت ہے۔

لِلۡفُقَرَآءِ ٱلۡمُهَـٰجِرِينَ ٱلَّذِينَ أُخۡرِجُواْ مِن دِيَـٰرِهِمۡ وَأَمۡوَٲلِهِمۡ

(نیز یہ مال) واسطے ان مفلسوں وطن چھوڑنے والوں کے (لئے) جو نکالے آئے (گئے) ہیں اپنے گھروں سے اور مالوں سے،

يَبۡتَغُونَ فَضۡلًا مِّنَ ٱللَّهِ وَرِضۡوَٲنًا وَيَنصُرُونَ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُ ۥۤۚ

ڈھونڈتے آئے ہیں اللہ کا فضل اور اس کی رضامندی، اور مدد کرنے کو اللہ اور اسکے رسول کی۔

أُوْلَـٰٓئِكَ هُمُ ٱلصَّـٰدِقُونَ ۝٨

وہ لوگ وہی ہیں سچے۔

وَٱلَّذِينَ تَبَوَّءُو ٱلدَّارَ وَٱلۡإِيمَـٰنَ مِن قَبۡلِهِمۡ

اور (یہ مال ان لوگوں کے لئے بھی ہے) جو گھر پکڑ رہے (مقیم) ہیں اس گھر (مدینہ) میں اور ایمان میں، ان سے پہلے،

يُحِبُّونَ مَنۡ هَاجَرَ إِلَيۡهِمۡ وَلَا يَجِدُونَ فِي صُدُورِهِمۡ حَاجَةً مِّمَّآ أُوتُواْ

محبت کرتے ہیں اس سے جو وطن چھوڑ آئے ان کے پاس، اور نہیں پاتے اپنے دل میں غرض (حاجت) اس چیز سے جو ان کو ملا،

وَيُؤۡثِرُونَ عَلَىٰٓ أَنفُسِهِمۡ وَلَوۡ كَانَ بِهِمۡ خَصَاصَةٌۚ

اور اول رکھتے (ترجیح دیتے) ہیں ان کو اپنی جان سے، اور اگرچہ ہو اپنے اوپر بھوک۔

وَمَن يُوقَ شُحَّ نَفۡسِهِۦ فَأُوْلَـٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡمُفۡلِحُونَ ٩

اور جو بچایا گیا اپنے جی (دل) کے لالچ سے، تو وہی لوگ ہیں مراد پانے والے۔

وَٱلَّذِينَ جَآءُو مِنۢ بَعۡدِهِمۡ يَقُولُونَ

اور واسطے ان کے جو آئے اُن سے پیچھے کہتے (دعا کرتے) ہوئے،

رَبَّنَا ٱغۡفِرۡ لَنَا وَلِإِخۡوَٰنِنَا ٱلَّذِينَ سَبَقُونَا بِٱلۡإِيمَـٰنِ

اے رب بخش ہم کو، اور ہمارے بھائیوں کو جو ہم سے آگے پہنچے (سبقت لے گئے) ایمان میں،

وَلَا تَجۡعَلۡ فِي قُلُوبِنَا غِلّٗا لِّلَّذِينَ ءَامَنُواْ رَبَّنَآ إِنَّكَ رَءُوفٞ رَّحِيمٌ ١٠

اور نہ رکھ ہمارے دل میں بیر (بغض) ایمان والوں کا، اے رب! تو ہی ہے نرمی والا مہربان۔

أَلَمۡ تَرَ إِلَى ٱلَّذِينَ نَافَقُواْ يَقُولُونَ لِإِخۡوَٰنِهِمُ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ مِنۡ أَهۡلِ ٱلۡكِتَـٰبِ

تو نہ دیکھے وہ جو دغا باز ہیں، کہتے ہیں اپنے بھائیوں کو، جو منکر ہیں کتاب والوں میں سے،

لَئِنۡ أُخۡرِجۡتُمۡ لَنَخۡرُجَنَّ مَعَكُمۡ وَلَا نُطِيعُ فِيكُمۡ أَحَدًا أَبَدٗا

اگر تم کو کوئی نکال دے گا، تو ہم بھی نکلیں گے تمہارے ساتھ، اور کہا نہ مانیں گے کسی کا تمہارے حق میں کبھی،

وَإِن قُوتِلۡتُمۡ لَنَنصُرَنَّكُمۡ

اور اگر تم سے لڑائی ہوگی تو ہم تمہاری مدد کریں گے ۔

وَٱللَّهُ يَشۡهَدُ إِنَّهُمۡ لَكَٰذِبُونَ ﴿١١﴾

اور اللہ گواہی دیتا ہے وہ جھوٹے ہیں ۔

لَئِنۡ أُخۡرِجُواْ لَا يَخۡرُجُونَ مَعَهُمۡ وَلَئِن قُوتِلُواْ لَا يَنصُرُونَهُمۡ

اگر وہ نکالیں جائیں گے، یہ نہ نکلیں گے ان کے ساتھ، اور اگر ان سے لڑائی ہوگی یہ نہ مدد کریں گے ان کی ۔

وَلَئِن نَّصَرُوهُمۡ لَيُوَلُّنَّ ٱلۡأَدۡبَٰرَ ثُمَّ لَا يُنصَرُونَ ﴿١٢﴾

اور اگر مدد کریں گے تو بھاگیں گے پیٹھ دے کر، پھر کہیں مدد نہ پائیں گے ۔

لَأَنتُمۡ أَشَدُّ رَهۡبَةً فِي صُدُورِهِم مِّنَ ٱللَّهِۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمۡ قَوۡمٌ لَّا يَفۡقَهُونَ ﴿١٣﴾

البتہ تمہارا ڈر زیادہ ہے ان کے دل میں اللہ سے ۔ یہ اس سے (لئے) کہ وہ لوگ (سمجھ) بوجھ نہیں رکھتے ۔

لَا يُقَٰتِلُونَكُمۡ جَمِيعًا إِلَّا فِي قُرًى مُّحَصَّنَةٍ أَوۡ مِن وَرَآءِ جُدُرِۭۚ

لڑ نہ سکیں گے تم سے سب مل کر، مگر بستیوں کے کوٹ (قلعوں) میں، یا دیواروں کی اوٹ میں ۔

بَأۡسُهُم بَيۡنَهُمۡ شَدِيدٌۚ تَحۡسَبُهُمۡ جَمِيعًا وَقُلُوبُهُمۡ شَتَّىٰۚ

ان کی لڑائی آپس میں سخت ہے ۔ تو جانے وہ اکٹھے ہیں اور (مگر) ان کے دل پھوٹ رہے ہیں ۔

ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمۡ قَوۡمٌ لَّا يَعۡقِلُونَ ﴿١٤﴾

یہ اس سے کہ وہ لوگ عقل نہیں رکھتے ۔

كَمَثَلِ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ قَرِيبًاۖ ذَاقُواْ وَبَالَ أَمۡرِهِمۡ وَلَهُمۡ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١٥﴾

جیسے کہاوت ان کی، جو ہو چکے ہیں ان سے پہلے پاس ہی چکھی سزا اپنے کام کی ۔ اور ان کو دکھ کی مار ہے ۔

كَمَثَلِ ٱلشَّيْطَٰنِ إِذْ قَالَ لِلْإِنسَٰنِ ٱكْفُرْ

جیسے کہاوت شیطان کی، جب کہے انسان کو، تو منکر ہو۔

فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ إِنِّى بَرِىٓءٌ مِّنكَ إِنِّىٓ أَخَافُ ٱللَّهَ رَبَّ ٱلْعَٰلَمِينَ ١٦

پھر جب وہ منکر ہوا، کہے میں الگ ہوں تجھ سے، میں ڈرتا ہوں اللہ سے جو رب سارے جہان کا۔

فَكَانَ عَٰقِبَتَهُمَآ أَنَّهُمَا فِى ٱلنَّارِ خَٰلِدَيْنِ فِيهَا ۚ

پھر آخر (انجام) ان دونوں کا یہی کہ وہ دونوں ہیں آگ (جہنم) میں، سدا رہیں اس میں۔

وَذَٰلِكَ جَزَٰٓؤُا۟ ٱلظَّٰلِمِينَ ١٧

اور یہی ہے سزا گنہگاروں کی۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ وَلْتَنظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۖ

اے ایمان والو! ڈرتے رہو اللہ سے اور چاہیئے دیکھ لے کوئی جی (ہر شخص) کیا بھیجا ہے کل کے واسطے؟

وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ خَبِيرٌۢ بِمَا تَعْمَلُونَ ١٨

اور ڈرتے رہو اللہ سے۔ بیشک اللہ کو خبر ہے جو کرتے ہو۔

وَلَا تَكُونُوا۟ كَٱلَّذِينَ نَسُوا۟ ٱللَّهَ فَأَنسَىٰهُمْ أَنفُسَهُمْ ۚ

اور مت ہو ویسے جنہوں نے بھلا دیا اللہ کو، پھر اس نے بھلا دیئے اُن کو اُن کے جی (اپنے آپ سے)۔

أُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْفَٰسِقُونَ ١٩

وہ لوگ وہی ہیں بےحکم۔

لَا يَسْتَوِىٓ أَصْحَٰبُ ٱلنَّارِ وَأَصْحَٰبُ ٱلْجَنَّةِ ۚ

برابر نہیں لوگ دوزخ کے اور بہشت کے۔

أَصْحَـٰبُ ٱلْجَنَّةِ هُمُ ٱلْفَآئِزُونَ ﴿٢٠﴾

بہشت کے لوگ وہی ہیں مراد کو پہنچے ۔

لَوْ أَنزَلْنَا هَـٰذَا ٱلْقُرْءَانَ عَلَىٰ جَبَلٍ لَّرَأَيْتَهُۥ خَـٰشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ ٱللَّهِ ۚ

اگر ہم اتارتے یہ قرآن ایک پہاڑ پر، تو تو دیکھتا دب جاتا (اور) پھٹ جاتا اللہ کے ڈر سے ۔

وَتِلْكَ ٱلْأَمْثَـٰلُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ﴿٢١﴾

اور یہ کہاوتیں ہم سناتے ہیں لوگوں کو، شاید وہ دھیان (غور وفکر) کریں ۔

هُوَ ٱللَّهُ ٱلَّذِى لَآ إِلَـٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ

وہ اللہ ہے جس کے سوا بندگی نہیں کسی کی ،

عَـٰلِمُ ٱلْغَيْبِ وَٱلشَّهَـٰدَةِ ۖ هُوَ ٱلرَّحْمَـٰنُ ٱلرَّحِيمُ ﴿٢٢﴾

جانتا ہے چھپا اور کھلا ، وہ ہے بڑا مہربان رحم والا ۔

هُوَ ٱللَّهُ ٱلَّذِى لَآ إِلَـٰهَ إِلَّا هُوَ

وہ اللہ ہے ! جس کے سوا بندگی نہیں کسی کی ،

ٱلْمَلِكُ ٱلْقُدُّوسُ ٱلسَّلَـٰمُ ٱلْمُؤْمِنُ ٱلْمُهَيْمِنُ ٱلْعَزِيزُ ٱلْجَبَّارُ ٱلْمُتَكَبِّرُ ۚ

وہ بادشاہ پاک ذات چنگا امان دیتا پناہ میں لیتا زبردست دباؤ والا صاحب بڑائی کا ۔

سُبْحَـٰنَ ٱللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿٢٣﴾

پاک ہے اللہ اس سے جو شریک بتاتے ہیں ۔

هُوَ ٱللَّهُ ٱلْخَٰلِقُ ٱلْبَارِئُ ٱلْمُصَوِّرُ ۖ

وہ اللہ (ہی) ہے بنانے (تخلیق کرنے) والا نکال کھڑا کرتا صورت کھینچتا،

لَهُ ٱلْأَسْمَآءُ ٱلْحُسْنَىٰ ۚ

اسی کے ہیں سب نام خاصے۔

يُسَبِّحُ لَهُۥ مَا فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۖ

اس کی پاکی بولتا (تسبیح کرتا) ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں،

وَهُوَ ٱلْعَزِيزُ ٱلْحَكِيمُ ﴿٢٤﴾

اور وہی ہے زبردست حکمت والا۔

**© Copy Rights:**
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
**Lahore, Pakistan**
**www.quran4u.com**